© rasailojaraid.com



● **یادگار خطبات**

مرتب: محمد عمر فاروق	ضخامت: ۴۳۲ صفحات	قیمت: ۲۷۰ روپے

ناشر: مکتبہ اسلامیہ حنفیہ، بَن حافظ جی، ضلع میانوالی، رابطہ: 0321-5471972

محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے لبریز اہلِ سنت والجماعت (علماء دیوبند) کے عقیدۂ حیات النبی کے موضوع پر علمی، تحقیقی اور مستند یادگار خطبات کا مجموعہ ہے۔ مسئلہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے موضوع پر گیارہ خطبات اس کتاب میں شامل ہیں حیات النبی فی القبر جیسے اہم عنوان پر مولانا مہر محمد میانوالوی، مولانا حق نواز جھنگوی شہید، علامہ خالد محمود، مولانا ضیاء الرحمٰن فاروقی شہید، مولانا عبدالکریم ندیم، مولانا منیر احمد اور دیگر اکابر کے علمی و تحقیقی خطبات اس کتاب کی زینت ہیں۔ کتاب کے آخر میں عقائد علماء دیوبند اہلِ سنت والجماعت، ایک اہم مضمون ہے جو مولانا مفتی عبدالقدوس ترمذی صاحب نے تحریر فرمایا ہے۔ کتاب اپنے اندر دلائل و براہین کی زبردست قوت رکھتی ہے۔ اپنے موضوع پر تحقیق و ترتیب کا شاہکار ہے۔ طالبان علوم دینیہ کے لیے بہترین تحفہ ہے۔

● **تحفۃ الاخیار**

مؤلف: مولانا مہر محمد میانوالوی	ضخامت: ۹۶ صفحات	قیمت: ۴۰ روپے

ناشر مکتبہ عثمانیہ، بَن حافظ جی، ضلع میانوالی

مولانا مہر محمد میانوالوی مدظلہٗ ہمارے دینی ماحول میں ایک معروف نام ہے۔ متعدد کتب تصنیف فرمائی ہیں۔ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم، حب صحابہ اور بغض صحابہ ان کے خاص موضوعات ہیں۔

زیر مطالعہ کتاب شیعہ کے تمام اعتراضات کا مکمل جواب ہے اور شیعہ حضرات سے ایک سو سوالات مزید ہیں۔ اس موضوع سے دلچسپی رکھنے والے حضرات کے لیے یہ کتاب قابلِ مطالعہ ہے۔ (تبصرہ: عین الزمان عادل)

ماہانہ مجلس ذکر و اصلاحی بیان
28 اپریل 2011ء
جمعرات بعد نماز مغرب
ابن امیر شریعت
حضرت پیر جی
سید عطاء المہیمن بخاری
دامت برکاتہم
امیر مجلس احرار اسلام پاکستان
دارِ بنی ہاشم
مہربان کالونی ملتان
الداعی سید محمد کفیل بخاری ناظم مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان
061-4511961



© rasailojaraid.com